# 160569 ـ سیکسی سوچ کے نتیجہ میں منی کا انزال ہونے سے روزہ باطل ہو جائیگا ؟

**سوال**

ایك یورپی ملك میں سیکسی سوچ کے نتیجہ میں رمضان المبارك میں دن کے وقت بہت ہی شدید شہوت پیدا ہو جانے کے نتیجہ میں منی خارج ہوگئی، میرے دل میں وسوسہ سا پیدا ہوا کہ روزہ ٹوٹ گیا ہے تو میں نے مشت زنی بھی کر لی، کیا میرے ذمہ روزے کی قضاء ہے یا کفارہ ؟
اللہ سبحانہ و تعالی آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے.

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

مسلمان پر اپنی سمع و بصر اور سارے اعضاء کی حرام سے حفاظت کرنی واجب ہے، اور اصل میں تو روزہ نفس کی تربیت و تہذیب کرتا ہے، اور روزے دار کو شہوات و فحاشی سے بچانے کا باعث ہے.

علماء کرام کا سوچ کے نتیجہ میں منی خارج ہونےسے روزہ ٹوٹنے میں اختلاف پایا جاتا ہے، مالکی حضرات روزہ باطل قرار دیتے ہیں، لیکن جمہور علماء کرام اس کے روزے کو باطل قرار نہیں دیتے، ظاہر یہی ہوتا ہے کہ جمہور علماء کرام اس کا روزہ اس لیے باطل نہیں کیا کیونکہ بندے کا اس میں کوئی ارادہ شامل نہیں، اور سوچ ایك ایسی چیز ہے جو خیالات اور ذہن میں آتی ہے اور اسے دور کرنا ممکن نہیں.

رہا عمدا سوچنا اور پھر اس سوچ سے انزال مقصود ہو تو اس صورت میں انزال کی بنا پر دیکھنے اور سوچنے میں کوئی فرق نہیں، جمہور علماء کرام انزال تك عمدا دیکھنے سے روزے کو باطل قرار دیتے ہیں.

الموسوعة الفقهية میں درج ہے:

" احناف اور شافعی حضرات کے ہاں دیکھنے اور سوچنے سے منی یا مذی خارج ہونے کی بنا پر روزہ باطل نہیں ہوتا، لیکن اس کے مقابلہ میں شافعی حضرات کے ہاں صحیح یہی ہے کہ جب دیکھنے کی بنا پر انزال کی عادت ہو جائے یا پھر بار بار دیکھے اور انزال ہوجائے تو روزہ فاسد ہو جائیگا.

لیکن مالکی اور حنابلہ کے ہاں مستقل دیکھنے سے منی خارج ہو جانے پر روزہ فاسد ہوجائیگا؛ کیونکہ یہ ایسا فعل کے ساتھ انزال ہے جس سے لذت حاصل کر رہا ہے اور اس فعل سے اجتناب ممکن ہے.

لیکن صرف سوچ کی بنا پر انزال ہو جانے سے مالکی حضرات کے ہاں روزہ فاسد ہو جاتا ہے اور حنابلہ کےہاں فاسد نہیں ہوگا؛ کیونکہ اس سے اجتناب ممکن نہیں " انتہی

دیکھیں: الموسوعة الفقهية ( 26 / 267 ).

مزید آپ سوال نمبر ( 22750 ) کے جواب کا مطالعہ ضرور کریں.

لہذا جب روزہ ٹوٹ گیا تو اس کی قضاء بھی واجب ہو گی، لیکن کفارہ لازم نہیں ہوگا، اس لیے کہ کفارہ تو اس پر واجب ہوتا ہے جو جماع کے ساتھ روزہ توڑے.

مزید آپ سوال نمبر ( 38074 ) اور ( 21213 ) کے جوابات کا مطالعہ بھی کریں.

آپ پر درج ذیل امور سرانجام دینا واجب ہیں:

1 ۔ مشت زنی جیسی غلط عادت سے توبہ و استغفار کریں.

2 مشت زنی کی حرمت کا تفصیلی مطالعہ کرنے کے لیے آپ سوا ل نمبر ( 329 ) کا جواب دیکھیں.

3 اس دن کی قضاء میں روزہ رکھیں.

واللہ اعلم .